Australian
Human Rights
Commission
everyone, everywhere, everyday

# شکایت کرنا

آسٹریلیا میں انسانی حقوق کا کمیشن (آسٹریلین ہیومن رائٹس کمیشن) ایک خودمختار ادارہ ہے جو صنف، نسل، معذوری اور عمر کی بنیاد پر غیرقانونی امتیاز، ILO III امتیاز (روزگار کے معاملات میں امتیاز) اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی شکایات کی چھان بین اور حل کرتا ہے۔

**آپ کن معاملات میں ہمیں شکایت دے سکتے ہیں**

- **صنف کی بنیاد پر امتیاز** میں صنف، صنفی شناخت، دونوں صنفوں کے درمیان کی حیثیت، حمل، ازدواجی حیثیت یا تعلقات کی حیثیت، ماں کے دودھ پلانے، گھریلو ذمہ داریوں اور جنسی رجحان کی بنیاد پر جنسی طور پر ستائے جانا اور امتیازی سلوک شامل ہے۔
- **معذروی کی بنیاد پر امتیاز** میں جسمانی معذوری، عقلی معذوری ، حسّیاتی معذوری، سیکھنے کے ضمن میں معذوری اور نفسیاتی معذوریوں؛ بیماریوں؛ طبی کیفیات؛ کام پر پیش آنے والے ضرر/چوٹ، ماضی، حال اور مستقبل کی معذوریوں؛ اور معذوروں کے امدادی آلات اور مددگار جانوروں کی وجہ سے امتیاز اور ایک معذور شخص کے ساتھ تعلق کے سلسلے میں امتیاز شامل ہے۔
- **نسلی امتیاز** میں نسل، رنگ، نسب، قومی یا نسلی ماخذ اور تارک وطن حیثیت کی بنیاد پر نفرت اور امتیاز شامل ہے۔
- **عمر کی بنیاد پر امتیاز** میں کسی کی عمر بہت کم یا بہت زیادہ ہونے کی بنیاد پر امتیاز شامل ہے۔
- **ILO III امتیاز** میں مذہب، جرائم کے ریکارڈ، ٹریڈ یونین میں سرگرمی، سیاسی خیالات اور سماجی ماخذ کی وجہ سے روزگار کے معاملے میں امتیاز شامل ہے۔
- **انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں** میں کامن ویلتھ کی جانب سے یا کامن ویلتھ کی نمائندگی میں ایسا عمل شامل ہے جس سے مبیّنہ طور پر مخصوص انسانی حقوق کی دستاویزات جیسے 'شہری و سیاسی حقوق کے بین الاقوامی معاہدے'، 'بچوں کے حقوق کے کنونشن' اور 'معذور افراد کے حقوق کے کنونشن' کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔

چاہے آپ آسٹریلیا میں کسی بھی جگہ رہتے ہوں، آپ شکایت کر سکتے ہیں، اور شکایت کرنے پر کچھ خرچ نہیں ہوتا۔ شکایت کے عمل کے مراحل نیچے واضح کیے جا رہے ہیں۔

## سوال پوچھنا

- اگر آپ کو یقین سے علم نہیں کہ آپ کسی بارے میں شکایت کر سکتے ہیں یا نہیں تو آپ **1300 656 419** پر فون کر کے یا infoservice@humanrights.gov.au پر ای میل کر کے کمیشن کی نیشنل انفارمیشن سروس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
- ہم شکایت کا عمل شروع کرنے کے لیے آپ کو شکایت فارم بھیج سکتے ہیں۔
- اگر ہم آپ کی مدد نہ کر سکتے ہوں تو ہم کسی ایسے ادارے سے آپ کا رابطہ کروانے کی کوشش کریں گے جو مدد کر سکتا ہو۔

## شکایت کرنا

- شکایت کا تحریری ہونا ضروری ہے۔ آپ شکایت فارم بھر کر اسے بذریعہ ڈاک یا فیکس ہمیں واپس بھیج سکتے ہیں یا آپ ہماری ویب سائیٹ www.humanrights.gov.au پر آن لائن شکایت کر سکتے ہیں۔
- آپ اپنی ترجیحی زبان میں شکایت کر سکتے ہیں اور اگر ضروری ہو تو ہم آپ کو شکایت لکھنے کے لیے مدد دے سکتے ہیں۔
- شکایت کرنے کے لیے آپ کو وکیل کی ضرورت نہیں ہے۔
- اگر ہم آپ کی شکایت پر کام نہ کر سکتے ہوں تو ہم اس کی وجہ واضح کریں گے۔

## چھان بین

- ہم آپ سے رابطہ کر کے آپ کی شکایت کے بارے میں بات کریں گے اور ہم آپ سے مزید معلومات فراہم کرنے کا تقاضا کر سکتے ہیں۔
- بالعموم، کمیشن پہلے اس شخص یا ادارے سے رابطہ کرے گا جس کے بارے میں آپ شکایت کر رہے ہیں اور اسے آپ کی شکایت کی ایک کاپی دے گا۔ ہم اسے مخصوص معلومات اور/یا آپ کی شکایت کا جواب دینے کی ہدایت کر سکتے ہیں۔ آپ کی شکایت کے جواب میں کمیشن کو فراہم کی جانے والی معلومات میں آپ کے متعلق حسّاس تفصیلات سمیت ذاتی تفصیلات شامل ہو سکتی ہیں۔
- کچھ کیسوں میں ہو سکتا ہے کہ ہم آپ کی شکایت پر کام جاری نہ رکھنے کا فیصلہ کریں۔ اگر ایسا ہوا تو ہم آپ کو اس کی وجہ بتائیں گے۔
- ہم آپ سے بات کر سکتے ہیں کہ مصالحت کے ذریعے شکایت کے حل کی کوشش کی جائے۔

## مصالحت

- مصالحت (Conciliation) کا مطلب یہ ہے کہ ہم معاملے کا کوئی حل نکالنے کے لیے آپ کی اور اس شخص یا ادارے کی مدد کی کوشش کرتے ہیں جس کے خلاف آپ نے شکایت کی ہو۔
- مصالحت روبرو میٹنگ میں ہو سکتی ہے جسے 'کنسیلیئشن کانفرنس' کہتے ہیں یا ٹیلیفون کانفرنس کے ذریعے ہو سکتی ہے۔ کچھ کیسوں میں، مصالحت کار کے ساتھ ای میلز کے تبادلے اور بات چیت کے ذریعے شکایات کو حل کیا جا سکتا ہے۔
- شکایات کو کئی مختلف طریقوں سے حل کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر معذرت، پالیسی میں تبدیلی یا ہرجانے کے ذریعے۔

## ممکنہ عدالتی کارروائی – صنف، معذوری، نسل اور عمر کی بنیاد پر امتیاز

- کمیشن کو یہ فیصلہ کرنے کا اختیار نہیں ہے کہ آیا غیرقانونی امتیازی سلوک ہوا ہے۔
- اگر آپ کی شکایت کا کوئی حل نہ ہو پائے یا اسے کسی اور وجہ سے روک دیا جائے تو ممکن ہے آپ عدالت میں معاملہ لے جا سکتے ہوں۔ عدالت فیصلہ کر سکتی ہے کہ آیا غیرقانونی امتیازی سلوک ہوا ہے۔

- کمیشن کے شکایت کو ختم کرنے کے بعد فیڈرل سرکٹ کورٹ آف آسٹریلیا یا فیڈرل کورٹ آف آسٹریلیا میں درخواست دینے کے لیے آپ کے پاس 60 دن ہوتے ہیں۔
- کمیشن آپ کے لیے عدالت میں معاملہ نہیں لے جا سکتا اور نہ ہی عدالت میں آپ کی نمائندگی کر سکتا ہے۔
- اگر آپ عدالت میں جانا چاہتے ہوں تو آپ کو کسی وکیل یا لیگل سروس سے بات کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

## فیصلہ/رپورٹ – ILO III امتیازی سلوک اور انسانی حقوق

- اگر آپ کی شکایت کا کوئی حل نہ ہو پائے یا اسے کسی اور وجہ سے روک دیا جائے تو کمیشن کا صدر فیصلہ کر سکتا ہے کہ آیا ILO III امتیازی سلوک یا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔
- اگر صدر مطمئن ہو کہ امتیازی سلوک یا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو صدر فیڈرل اٹارنی جنرل کے پاس اس معاملے کی رپورٹ کر سکتا ہے۔ رپورٹ میں صدر کسی شخص کو پہنچنے والے نقصان یا ضرر کے لیے ہرجانے کی سفارش کر سکتا ہے۔ رپورٹ کو پارلیمنٹ میں پیش کیا جا سکتا ہے۔
- امتیازی سلوک اور انسانی حقوق کے بارے میں صدر کے فیصلوں کی مثالیں یہاں کمیشن کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہیں http://www.humanrights.gov.au/publications/reports-minister-under-ahrc-act

## مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

آسٹریلین ہیومن رائٹس کمیشن سے رابطے کی تفصیلات یہ ہیں:

**فون**
نیشنل انفارمیشن سروس: 1300 656 419
TTY: 1800 620 241
NRS: 133 677
فیکس: 9611 9284 (02)

اگر آپ کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہو تو آپ **131 450** پر فون کر کے آسٹریلین ہیومن رائٹس کمیشن سے کال ملانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ سماعت سے محرومی یا سماعت کے نقص کا شکار ہیں تو آپ 1800 620 241 پر فون کر کے بذریعہ TTY ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ سماعت سے محروم ہیں یا آپ کی سماعت یا گویائی ناقص ہے تو آپ 133 677 پر نیشنل ریلے سروس (NRS) کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو Auslan انٹرپریٹر کی ضرورت ہو تو ہم آپ کے لیے اس کا انتظام کر سکتے ہیں۔

اگر آپ نابینا ہیں یا آپ کی بینائی ناقص ہے تو ہم درخواست کرنے پر متبادل صورتوں میں معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

**ڈاک**
GPO Box 5218
Sydney NSW 2001

**آن لائن**
ای میل: infoservice@humanrights.gov.au
ویب سائیٹ: www.humanrights.gov.au

آپ اس پتے پر جا کر آن لائن شکایت کر سکتے ہیں:
http://www.humanrights.gov.au/complaints/lodging-your-complaint

**عمومی قانونی مشورہ**

اگر آپ شکایت کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو غالباً آپ پہلے قانونی مشورہ لینا چاہیں۔ کمیونٹی میں ایسے قانونی ادارے موجود ہیں جو امتیازی سلوک اور ستائے جانے کے بارے میں مفت مشورہ دے سکتے ہیں۔

آپ کسی لیگل ایڈ ادارے (https://www.nationallegalaid.org/for-individuals/) یا اپنے قریب ترین کمیونٹی لیگل سنٹر (www.naclc.org.au/directory) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**اعلان دستبرداری: اس پرچے میں دی گئی معلومات صرف رہنمائی کے طور پر ہیں۔ یہ قانونی مشورے کا متبادل نہیں۔**